2018年6月19日ジャング紙ラホール版2面

عید پر صفائی کے ناقص انتظامات، اندرون شہر صورتحال بدتر

پسماندہ علاقوں میں انفرا سٹرکچر کا بڑا مسئلہ ہے، آپریشن بھرپور کیا گیا، ایل ڈبلیو ایم سی

لاہور (خصوصی رپورٹر) عیدالفطر کے موقع پر تینوں روز شہر بھر میں صفائی کے ناقص انتظامات رہے۔ اندرون شہر، بند روڈ، جی ٹی روڈ سے ملحقہ علاقوں سمیت شہر کے پسماندہ علاقوں میں صفائی کی صورتحال ابتر رہی ہے۔ شہر کی اہم شاہراہوں اور پوش علاقوں کے علاوہ شہر کے بیشتر پسماندہ علاقوں میں دو دو روز کے بعد ویسٹ اٹھایا گیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ بیگم کوٹ، شاہدرہ، رسول پارک، بلال گنج، سانده، اسلام پورہ، گندہ انجن، بند روڈ سے رام گڑھ، اندرون ٹاؤن شپ، ڈھولنوال، چونگی امر سدھو سے ملحقہ محلے، گلیاں، بھٹی کالونی سمیت دیگر علاقوں میں کچرا دو دو روز بعد اٹھایا گیا جبکہ گلیوں میں جھاڑو کا نظام بھی غیر معیاری رہا۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ شہر کی اہم شاہراہوں مال روڈ، کینال روڈ، جیل روڈ، مین بلیوارڈ، گلبرگ، فیروزپور روڈ سمیت دیگر اہم سڑکوں پر صفائی بہتر رہی، پسماندہ علاقوں میں صفائی کی صورتحال خراب رہی۔ اس حوالے سے ایل ڈبلیو ایم سی کے ذمہ داران کا کہنا تھا کہ ایل ڈبلیو ایم سی کے تمام افسران عید کے تینوں روز سڑکوں پر صفائی کے عمل کی نگرانی کرتے رہے۔ میئر لاہور کے ساتھ مختلف علاقوں میں صفائی آپریشن کرواتے رہے۔ ایل ڈبلیو ایم سی کے ماہرین کا کہنا تھا کہ پسماندہ علاقوں میں انفراسٹرکچر کا بہت بڑا مسئلہ ہے، سیوریج کی حالت خراب ہونے کی وجہ سے بیشتر علاقوں میں گندہ پانی کھڑا رہنے سے صفائی کا عمل شدید متاثر ہوتا ہے۔ سیوریج کی خرابی کی وجہ سے پیدا ہونے والی گندگی کی ذمہ داری واسا پر ڈالنے کی بجائے ایل ڈبلیو ایم سی پر ڈال دی جاتی ہے۔ ایل ڈبلیو ایم سی کے ذمہ دار ذرائع کا کہنا تھا کہ چاند رات کو ہی پورے لاہور شہر کو زیرو ویسٹ کر دیا گیا تھا اور عید کے تینوں روز صفائی آپریشن بھرپور طریقے سے جاری رہا۔